سوال

(222) مسواک کس ہاتھ سے کی جائے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسواک استعمال کرنے کا کیا حکم ہے اور مسلمان کس ہاتھ سے مسواک کرے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسواک کرنا سنت ہے کئی ایک احادیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مسواک کرنے کی رغبت دلائی ہے۔ رہا یہ مسئلہ کہ کس ہاتھ کے ساتھ مسواک کی جائے؟ تو اس مسئلہ میں ہمارے پاس کوئی نص موجود نہیں۔

بعض علماء کرام کہتے ہیں کہ دائیں ہاتھ سے مسواک کی جائے اور بعض دوسرے فرماتے ہیں: بائیں ہاتھ سے کی جائے۔ جو لوگ کہتے ہیں کہ دائیں ہاتھ سے کی جائے وہ ہر چیز میں دائیں ہاتھ سے ابتدا کرنے والی حدیث سے دلیل پکڑتے ہیں (علامہ ناصر الدین البانی رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 209

محدث فتویٰ